SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

November 11, 2022

اکتوبر میں 2,361 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (11 نومبر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ستمبر میں 2,361 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جس کے بعد کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد 180,996 (ایک لاکھ اسی ہزار نو سو چھیانوے) ہو گئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا کل ادا شدہ سرمایہ تین کروڑ روپے ہے۔

اکتوبر میں تشکیل پانے والی ترپن کمپنیوں میں افغانستان، آسٹریا، آسٹریلیا، بنگلہ دیش، چین، ڈنمارک، ایران، اٹلی، اردن، کوریا جنوبی، لبنان، لتھوانیا، ناروے، سعودی عرب، سنگاپور، یمن، تیونس، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، اور امریکہ سے تعلق رکھنے والے ڈائریکٹروں نے سرمایہ کاری کی۔ اس ماہ 99.8 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں اور 104 بیرونی سرمایہ کار رجسٹر ہوئے۔ تقریباً 58 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں، جبکہ 40 فیصد سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ رجسٹریشنز رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ کنسٹرکشن سیکٹر میں ہوئیں جہاں 432 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے بعد انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 355، ٹریڈنگ میں 279، سروسز میں 234، ایجوکیشن میں 83، سیاحت میں 84، انجینیرنگ میں 45، پاور جنریشن میں 44، اور دیگر سیکٹرز میں 814 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

ایس ای سی پی کا ای سروسز سسٹم ایف بی آر، صوبائی ریونیو کے محکموں کے ساتھ انٹی گریٹیڈ ہے، جس کے نتیجے میں اکتوبر میں بیک وقت ایس ای سی پی پورٹل انٹرفیس کے ذریعے 1,969 کمپنیاں ہمہ وقت ایف بی آر کے ساتھ، 81 کمپنیاں ای او بی آئی کے ساتھ، 47 کمپنیاں PESSI/SESSI کے ساتھ اور 57 کمپنیاں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005